SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# مستقل رہائش کیلئے انسانی (Humanitarian) اور ہمدردانہ (Compassionate) ایچ اینڈ سی (H&C) کی بنیاد پر درخواستیں

## H&C درخواست کیا ہے؟

H&C درخواست ایک غیر معمولی اقدام ہے جو کسی کو انسانی (ہیومنیٹیرئن) اور ہمدردانہ (کمپیشنیٹ) کی بنیاد پر کینیڈا کے اندر رہتے ہوئے مستقل رہائش (PR) کے لیے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے۔

عام طور پر، امیگریشن کا قانون کہتا ہے کہ جب تک کہ آپ درخواست کے ان سلسلوں (اسٹریمز) میں سے کسی ایک کے لیے اہل نہ ہوں جو کہ آپ کو کینیڈا میں رہتے ہوئے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے، آپ کو کینیڈا کے باہر سے پی آر (PR) کے لیے درخواست دینی ہوگی۔ غیر معمولی صورتحال میں، اگر آپ کی عارضی حیثیت ہے یا کوئی حیثیت نہیں ہے، اگر آپ کے پاس کینیڈا کے اندر سے پی آر (PR) حاصل کرنے کا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، اور اگر آپ کو درخواست دینے کے لیے اپنے آبائی ملک واپس جانا پڑے تو آپ کومشکل کا سامنا کرنا پڑے گا، توآپ ایچ اینڈ سی (H&C) کی درخواست کے ذریعے پی آر (PR) حاصل کرسکتے ہیں۔

نوٹ کریں: صرف اس وجہ سے کہ حیثیت (status) حاصل کیے بغیر آپ H&C کے لیے درخواست دے سکتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جب آپکا ایچ اینڈ سی (H&C) پروسیس ہو رہا ہو تو آپ کینیڈا میں رہ سکتے ہیں۔ آپ کو اب بھی کینیڈا سے ہٹایا جا سکتا ہے، لیکن آپ کی درخواست منظور ہونے کے بعد آپ واپس آنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

## درخواست کون دے سکتا ہے؟

آپ انسانی (ہیومنیٹیریئن) اور ہمدردانہ (کمپیشنیٹ) کی بنیاد پر مستقل رہائش کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ:

- کینیڈا میں رہ رہے ہیں اور مستقل رہائشی یا شہری نہیں ہیں
- کینیڈا کے اندر رہتے ہوئےمستقل رہائش کے لیے درخواست دینے کے قابل ہونے کے لیے امیگریشن قانون کے عام تقاضوں سے آپ کواستثنیٰ کی ضرورت ہے
- مندرجہ ذیل پروگراموں کے ذریعے کینیڈا کے اندر سے مستقل رہائش کے لیے درخواست دینے سے قاصر ہیں:
  - شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر کی کفالت (اسپانسرشپ)؛
  - دیکھ بھال کرنے والوں کے پروگرامز
  - مہاجرین یا پناہ گزین (ریفیوجیز)؛
  - عارضی رہائشی اجازت نامہ (ٹی آر پی) (Temporary Resident Permit ( (TRP))

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

- اکنامک کلاس ، مثال کے طور پرمخصوص مہارت رکھنے والے کارکن (اسکلڈ ورکر)، کینیڈین تجربہ کلاس، صوبائی نامزد

**کچھ انسانی (ہیومنیٹیرین) اور ہمدردانہ (کمپیشن) کی بنیادیں کیا ہیں جن پر ایچ اینڈ سی (H&C) درخواست میں غور کیا جاتا ہے؟**

H&C درخواست کا اندازہ لگاتے وقت، ایک افسر عام طور پر اس بات پر غور کرے گا کہ اگر آپ کو پی آر (PR) کے لیے درخواست دینے کے لیے اپنے آبائی ملک واپس جانا پڑا تو آپ کو کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اور آپ یہاں کینیڈا میں کس قدر مستحکم ہیں۔

عام عوامل جن پر غور کیا جاتا ہے:

- آپ کینیڈا میں کس قدر مستحکم یا قائم ہوئے ہیں مثال کے طور پر ملازمت کا ہونا، کینیڈا میں حاصل کی ہوئی تعلیم، اپنا گھرہونا، کمیونٹی کا حصہ ہونا، کئی سالوں سے کینیڈا میں رہنا اور/یا مذہبی تنظیم کا رکن ہونا
- کینیڈا سے آپ کے تعلقات ،مثال کے طور پر، کینیڈا میں ایک بچہ، خاندان اوریا دوست کا ہونا
- کسی بھی متاثرہ بچے کے بہترین مفادات (یہ بہت سے H&C کی درخواستوں میں ایک کلیدی سوچ بچارہے)
- طبی بیماری اور آیا آپ کے آبائی ملک میں علاج دستیاب ہے
- گھریلو تشدد/مباشرت پارٹنر کی طرف سےتشدد/گھریلو بدسلوکی
- کسی رشتہ دار سے آپ کی علیحدگی کے نتائج
- آپ کے آبائی ملک کے حالات جیسے جنگ، قدرتی آفات، سیاسی عدم استحکام، تشدد، امتیازی سلوک، بے روزگاری۔ اگر آپ نے پناہ گزین کا دعویٰ کیا ہے اور آپ نے اپنے پناہ گزین کے دعوے میں جو دلائل دیے ہیں ان میں ناکام ہو گئے ہیں، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کی H&C درخواست میں ان نکات پر امیگریشن افسر غور نہ کرے ،جب تک کہ اس کے بعد سے کچھ نیا یا مختلف نہ ہوا ہو۔

نوٹ کریں: اگر آپ ظلم و ستم کے خوف یا اپنی جان کے خطرے کی وجہ سے اپنے آبائی ملک واپس نہیں جاسکتے، تو آپ کو H&C بنیادوں کے تحت درخواست دینے کے بجائے پناہ گزین کے لحاظ سے تحفظ حاصل کرنا چاہیے۔ آپ کے لیے کون سا آپشن بہتر ہے، یہ جاننے کے لیے وکیل سے بات کریں کہ ۔

آپ H&C کے لیے درخواست نہیں دے سکتے اگر:

- آپ پہلے سے ہی کینیڈا کی/ کے مستقل رہائشی یا شہری ہیں
- آپ کے پناہ گزین کا دعویٰ زیر التواء ہے

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

- آپ کا پناہ گزین کا دعوی سماعت کے لیے آگے بڑھنے کا اہل نہیں تھا اور آپ کی پری ریموول رسک اسیسمنٹ (پی آر آر اے) (Pre-removal Risk Assessment (PRRA) کی درخواست زیر التوا ہے

- آپ کے پناہ گزین کے دعوے کے آخری فیصلے کو ابھی 12 مہینے نہیں ہوئے ہیں (اسے 12 ماہ کا بار (12 month bar) کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کا H&C طبی وجوہات یا بچے کے بہترین مفادات پر مبنی ہے تو آپ 12 ماہ کے بار (12 month bar) سے استثنیٰ کے لیے درخواست دےسکتے ہیں۔

## اپلائی کرنے کا طریقہ:

کینیڈا کے اندر سے انسانی (ہیومنیٹیرین) اور ہمدردانہ (کمپیشنیٹ) کی بنیادوں پر مستقل رہائش کے لیے درخواست دینے کے لیے آپ کو یہ کام آن لائن کرنا ہوگا۔ آپ کی رہنمائی کی جائے گی :

- آئی آر سی سی (IRCC)کی ویب سائٹ پر پایا جانے والاجینریک درخواست فارم برائے کینیڈا (Generic Application Form for Canada (IMM 0008)مکمل کرنے میں
- آئی آر سی سی (IRCC) کی ضرورت کے مطابق دیگر فارمز کو مکمل کرنے میں
- تمام دستاویزات جمع کرنے میں، جن کی آر سی سی (IRCC) کو ضرورت ہے (آپ کو آئی آر سی سی (IRCC)کی ویب سائٹ پر دستاویزات کی ایک چیک لسٹ ملے گی)
- وضاحت کرنے میں کہ آئی آر سی سی (IRCC) آپ کی درخواست کو کیوں قبول کرے، اور اس میں وہ ثبوت شامل کریں جو آپ کی درخواست کی حمایت کرتے ہیں۔ ثبوتوں میں شامل ہوسکتے ہیں :
    - آپ کا اپنا خط یا حلف نامہ جو آپ کی کہانی کی وضاحت کرتا ہے
    - کینیڈا میں آپ کی زندگی اور تعلقات کو دستاویز کرنے والی تصاویر
    - خاندان، دوستوں، آپ کے ڈاکٹر اور کمیونٹی کے اراکین وغیرہ کے معاون خطوط
    - ڈاکٹر کی رپورٹس
    - دستاویزات جیسے آپ کے ملک کے حالات کے بارے میں مضامین اور خبروں کی کوریج
    - فیملی کورٹ کے دستاویزات جو آپ کے بچے سے متعلق ہیں، اور آپ کے بچے کے کینیڈا میں قیام کے، اور ان کا کینیڈا میں رہنا کیوں ان کے بہترین مفاد میں ہوگا ، اس کے بارے میں دیگر شواہد ۔

- پروسیسنگ فیس ادا کرنا

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

**درخواست کی فیس:**

- آپ کی درخواست پر کاروائی کی فیس
- آپ کی درخواست میں شامل دوسروں (مثال کے طور پر: شریک حیات/ساتھی، "منحصر" بچے  امیگریشن قانون آپ کو بتائے گا کہ "منحصر" بچے کون ہیں) کے لیے درخواست پر کارروائی کی فیس
- آپ مستقل رہائش کے حق (Right of Permanent Residence) کے لیے اپنے لیے اور آپ کی درخواست میں شامل دیگر افراد کےلیے کی فیس (جو آپ کے درخواست دینے پر یا بعد میں ادا کی جا سکتی ہے)

نوٹ کریں : پی آر (PR) درخواست دہندگان کو اپنی درخواست پر کارروائی کرنے کے لیے درخواست کی فیس ادا کرنی ہوگی۔

اگر آپ درخواست دیتے وقت درخواست کی فیس ادا نہیں کرتے ہیں تو امکان ہے کہ آپ کی درخواست واپس کردی جائے گی۔ آپ مستقل رہائش کے حق (Right of Permanent Residence)کی فیس, اس وقت ادا کر سکتے ہیں جب آپ درخواست جمع کرتی/ کرتے ہیں یا ، آئی آر سی سی (IRCC) کے درخواست کرنے پر، بعد میں ادا کرسکتے ہیں ۔

**کیا میں دیگر امیگریشن درخواستوں میں انسانی (ہیومنیٹیرئن) اور ہمدردانہ (کمپیشنیٹ) کے دلائل استعمال سکتا ہوں؟**

آپ آئی آر سی سی (IRCC) سے دیگر درخواستوں میں جیسے کہ شریک حیات یا پارٹنرکی کفالت یا معاشی کلاسوں میں سے ایک درخواستوں میں H&C عوامل پر غور کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں ۔ یہ عام طور پر اس وقت کیا جاتا ہے جب کوئی شخص کینیڈا آنے کی کوشش کر رہا ہو جو کہ قابل قبول نہ ہو، مثال کے طور پر، اگر ان کی مجرمانہ ہسٹری ہے۔